بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نقشِ معظم

ٹریڈ مارک رجسٹرڈ

مشتہر از نوری بک ڈپو نئی دہلی

بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء

نقش معظم

تالیف

حضرت شاہ عزیز احمد صاحب چشتی قادری مداری مدظلہ العالی

ناشران

شیراز نوری بکڈپو نئی دہلی

فہرست مضامین

	صفحہ
باب..۱	
نقوش کی ماہیت	۴
باب..۲	
اعمال و نقوش میں کس طرح تاثیر پیدا کی جائے	
نقوش بھرنے کی ساعتوں کا نقش	۸
سعد و نحس ستارگان	۹
بخورات	۹
نقوش بھرنے کا بیان	۱۰
حروف تہجی کے موکلات	۱۴
تعویذ لکھنے کے اوقات	
باب..۳	۱۵
محبت اور بغض کے نقوش	
بیس ۲۰ کا نقش	۱۶
پندرہ ۱۵ کا نقش	۱۷
زن و شوہر میں محبت کیلئے نقوش	۱۷
حب کیلئے بیس کا نقش	۱۸
گھوڑے کے نعل پر حب کا نقش	۱۸
میاں بیوی میں اتفاق کیلئے نقش	۱۹
شوہر کی اصلاح کیلئے نقش	۱۹
بغض کیلئے نقش	۲۰

	صفحہ
دشمن کو زیر کرنے کیلئے نقش	۲۰
داشتہ عورت سے جدائی نقش	۲۰
عورت کو فریفتہ کرنے کیلئے	۲۱
شوہر کو فریفتہ کرنے کیلئے نقش	۲۱
شوہر سے ناجائز عورت چھڑانے کیلئے	۲۲
بدمزاج شوہر کی تسخیر کیلئے	۲۳
شوہر کے ناجائز تعلقات ختم کرانے کیلئے نقوش	۲۳
میاں بیوی میں محبت کیلئے	۲۴
شوہر کی محبت حاصل کرنے کیلئے نقوش	۲۵
باب..۴	
دست غیب کیلئے نقش	۲۶
روزگار میں ترقی کیلئے نقش	۲۷
دکان میں ترقی کیلئے نقش	۲۷
تنخواہ میں ترقی کیلئے نقش	۲۸
مال میں ترقی کیلئے نقش	۲۹
باب..۵	
امراض اور بیماریوں کیلئے نقش	
مرگی کیلئے نقش	۳۰
درد کیلئے نقش	۳۰

تپ ولرزہ کے لئے صفحہ ۳۱
بخار کے لئے ۳۱
ڈبہ کے لئے ۳۲
دانت کا درد دور کرنے کے لئے ۳۲
خنزیر پھوڑے کے لئے ۳۳
درد کے لئے۔ ۳۳
چیچک کے لئے ۳۳
ام الصبیان کے لئے ۳۴
بچوں کے دانت نکلنے کے لئے ۳۴
اگر عورت کے دودھ کم ہو۔ ۳۴
نسیاں دور کرنے کے لئے ۳۴
بچہ اگر سونے میں جاگ پڑتا ہو ۳۵
بواسیر کے لئے ۳۵
موذی جانوروں سے حفاظت ۳۶
اختلاج قلب کے لئے ۳۶
آشوب چشم کے لئے ۳۷
درد ناف کے لئے ۳۷
کان میں درد کے لئے ۳۸
کھانسی دور کرنے کے لئے ۳۸
سگ گزیدہ کے لئے ۳۸
لقوہ اور فالج کے لئے ۳۹
برص اور جذام کے لئے ۳۹
طاعون کے لئے۔ ۳۹

جو لوگ اولاد کی نعمت سے محروم ہوں ۴۰
اولاد نرینہ کی پیدائش ۴۰
اولاد کی زندگی کے لئے ۴۱
مسان کا تعویذ ۴۱
بانجھ عورت کے لئے ۴۲
اولاد کی پیدائش و حفاظت ۴۲
دروزہ کے لئے ۴۳

باب ۵

جادو۔ سحر۔ آسیب
آسیب کو جلانے کے لئے ۴۴
بھوت کو جلانے کے لئے ۴۶
سحر اور آسیب سے حفاظت ۴۶
جن اور بھوت سے حفاظت ۴۷
جادو سے نجات پانے کے لئے ۴۸

باب ۶

مقدمات میں کامیابی اور دشمن پر فتح پانے کے لئے
مجرب نقوش معظم صفحہ ۴۸

باب ۷

گریختہ کی واپسی اور مال مسروقہ کی بازیابی کے نقوش صفحہ ۵۱ تا ۵۳

باب ۸

مراد پوری ہونے کے لئے نقش ۵۳ تا ۵۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ و نصلی علٰی رسولہ الکریم

باب (۱)

نقوش کی ماہیت

تعویذوں کا رواج دنیا کی ہر قوم اور ہر زمانہ میں رہا ہے۔ کبھی حروفِ تہجی کی مدد سے تعویذ تیار کئے گئے کبھی اعداد سے کام لیا گیا اور کبھی مختلف اشکال و نقوش کی مدد سے تعویذ تیار کئے گئے۔ مسلمانوں میں زیادہ تر حروفِ تہجی اور اعداد سے تعویذ لکھے گئے ہیں۔ اور بزرگان دین سے جو بہت سے تعویذ منقول ہیں ان میں شائد ہی کوئی ایسا تعویذ ہو گا جس میں مفرد یا مرکب حروفِ تہجی یا اعداد کے علاوہ کسی دوسری چیز کی شکل یا نقش سے تعویذ بنایا گیا ہو۔ اسلامی تعویذوں میں حروفِ تہجی لکھے گئے ہوں یا اعداد ان سب کی بنیاد حروفِ تہجی کے مقرر کردہ اعداد اور ان کی خاصیت پر ہے۔

حروفِ تہجی۔ دنیا میں حروفِ تہجی کی تاریخ مصر سے شروع ہوتی ہے۔ مصری خطوط میں اہل فونیقیہ نے اصلاح کی تھی۔ بعد میں عربوں نے اپنے اجتہاد اور جدت پسندیوں سے موجودہ حروف وضع کئے جن کا مدار ابجد ہے۔ مورخین کی تحقیقات کے مطابق قدیم مصری ابجد میں حروف صرف بائیس ۲۲ تھے یعنی ا ب ج د۔ ہ و ز۔ ح ط ی۔ ک ل م ن۔ س ع ف ص۔ ق ر ش ت۔ بعد میں عربوں نے حسبِ ذیل چھ حروف کا اضافہ کیا ث خ ذ۔ ض ظ غ۔ یہ چھ حروف خالص عربی زبان سے تعلق رکھتے ہیں اور ان کا مخرج دنیا کی کسی دوسری زبان میں نہیں ہے۔ اس طرح موجودہ ابجد کی مکمل تشکیل یہ ہے۔ ابجد۔ ہوز۔ حطی۔ کلمن۔ سعفص۔ قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ

حروفِ تہجی کے اعداد۔ اعداد کی خاصیت کو دنیا کی ہر قوم نے تسلیم کیا ہے۔ اور اس کی مدد سے علم جفر وغیرہ کے ذریعہ دنیا کے اہم واقعات کی پیشین گوئیاں کی گئی ہیں۔ علم جفر کے علاوہ یورپ کے ماہرین علم و اعداد نے بھی

اعداد کی مدد سے قسمت کے حالات معلوم کرنے میں بہت ترقی کی ہے خود عربوں کا ۲۸ حروف مقرر کرنا ہی اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ اعداد کی خاصیت سے واقف تھے اور انھوں نے چاند کی ۲۸ منزلوں کے لحاظ سے ابجد کے ۲۸ حروف مقرر کئے تھے۔ چونکہ علم نجوم میں بڑے سیارے سات شمار کئے جاتے ہیں اس لئے عربی زبان میں کوئی لفظ سات حروف سے زیادہ نہیں ہے۔ حروف تہجی کے مقررہ اعداد حسب ذیل ہیں۔

ا-ب- ج- د- ہ-و-ز- ح-ط- ی- ک- ل- م- ن- س ع ف
۱-۲ - ۳ - ۴ - ۵-۶-۷ - ۸ - ۹ - ۱۰ - ۲۰ ۳۰ - ۴۰ - ۵۰ ۶۰ ۷۰ ۸۰
ص- ق- ر- ش- ت- ث- خ- ذ- ض- ظ- غ-
۹۰ - ۱۰۰ ۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰ - ۵۰۰ ۶۰۰ ۷۰۰ ۸۰۰ ۹۰۰ ۱۰۰۰

اعداد کی خاصیت:- ایک کا عدد شمس سے منسوب ہے۔ اس سے ہمت۔ اعزاز اور شان و شوکت کا اظہار ہوتا ہے۔ اس عدد کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ اس عدد کی اثر اندازی سے دل کو تقویت ہوتی ہے۔ ذہانت بڑھتی ہے۔ اور صحت اچھی رہتی ہے۔

(۲) اس کا عدد تعلق اشیاء کی مادی حالت سے ہے اور قمر سے منسوب ہے۔ اس عدد کے اثر سے انسان کی طبیعت بُرے خصائل کی جانب سے ہٹتی ہے اور اس کے اعمال کی اصلاح ہو جاتی ہے۔

(۳) ستارہ مشتری سے منسوب ہے۔ اور خیر و سعادت کا عدد ہے۔ مختلف مذاہب میں تین کے عدد کو اہمیت دی گئی ہے۔ مثلاً عیسائیوں میں تثلیث۔ ہندوؤں میں تری مورتی وغیرہ۔ اس عدد کی تاثیر سے بیروزگاری دور ہوتی ہے۔ آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے۔ رنج و غم رفع ہوتا ہے اور انسان مسرت و شادمانی کا منہ دیکھتا ہے

(۴) یہ عدد بھی شمس کی منفی طاقت سے منسوب ہے۔ حکیم فیثاغورث اور اس کے شاگردوں کے خیال میں عدد ۴ معجزوں کا عدد ہے۔ دنیا کی تخلیق چار عناصر سے ہوئی ہے۔ اس عدد کی تاثیر و خاصیت سے زندگی میں نظم و سلیقہ پیدا ہوتا ہے۔ ایسی امیدیں اچانک پوری ہوتی ہیں جنھیں بظاہر موہوم خیال کیا جاتا ہو۔ ماہرین اعداد کا تجربہ ہے کہ ہر شخص کی زندگی میں چوتھا سال چوتھا مہینہ۔ چوتھا دن اور چوتھا گھنٹہ خاص اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔

(۵) یہ عدد عطارد سے منسوب ہے۔ پانچ گردش کے ستارے کو حضرت سلیمان علیہ السلام کی مُہر خیال کیا جاتا ہے۔ یہ عدد ۵ صحت اور سلامتی کا مظہر ہے۔ اس کی خاصیت سے بیمار شفا پاتا ہے۔ مشکلات آسان ہوتی ہیں اور دشمن کے حملوں سے نجات ملتی ہے۔

(٦) یہ عدد زہرہ سے منسوب ہے۔ زمانہ قدیم سے چھ گوشوں کے ستارے

کو حق کا نشان سمجھا جاتا ہے اور پرانے زمانہ کے تعویذوں میں اکثر یہ شکل نظر آتی ہے حُب کے نقوش میں ٦ کا عدد زیادہ موثر ثابت ہوتا ہے۔ اس کی خاصیت سے مرد کا دل عورت اور عورت کا دل مرد کی طرف کھنچتا ہے۔

٧۔ یہ عدد بھی قمر کی منفی طاقت سے منسوب ہے۔ دنیا کے مختلف مذاہب میں سات عدد کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ سات آسمان۔ سات طبقہ زمین۔ سات دوزخ۔ سات بہشت۔ ہفتہ میں سات دن ہندوؤں میں دولہا دولہن کا شادی کے وقت سات قدم چلنا۔ یہودیوں میں سات آدمیوں کی گواہی۔ ام الکتاب سورۂ فاتحہ کی سات آیات غرضیکہ یہ عدد بہت عظمت والا ہے۔ اس کی تاثیر وخاصیت سے انسان کی قوت ارادی اور قوت متخیلہ بڑھتی ہے۔ دل سے وسوسے دور ہوتے ہیں۔ اطمینان و سکون حاصل ہوتا ہے۔ مقدمات میں فتح اور مقاصد میں کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

(٨) - یہ عدد زحل سے منسوب ہے اور دنیائے فانی پر اس کی زبردست اثر اندازی ہے بغض اور دشمن کی تباہی وغیرہ کے لئے ٨ کا عدد بہت موثر ہے۔ اگر کسی شخص کی فلاح وبہبود کیلئے تعویذ لکھا جائے اس میں ٨ کے اثر سے زندگی کی دشوار گزار منازل میں غیبی امداد حاصل ہوتی ہے۔ تخریب کے لئے اگر تعویذ لکھا جائے تو دشمن تباہ و برباد ہونے کے علاوہ ہلاک بھی ہو سکتا ہے اس کے اثر سے دو آدمیوں کی محبت نفرت سے بدل جاتی ہے۔ ماہرین علم اعداد کا تجربہ ہے کہ ہر انسان کی زندگی میں آٹھویں سال ایک انقلاب رونما ہوتا ہے۔

٩۔ یہ عدد مریخ سے منسوب ہے۔ انفرادیت اور تکمیل سے تعلق رکھتا ہے۔ مقصد اچھا ہو یا برا جلد حاصل ہوتا ہے اس عدد کی تاثیر وخاصیت سے آسیب اور جادو کے اثرات زائل ہوتے ہیں۔ جنگ میں دشمن پر فتح حاصل ہوتی ہے اور دلی آرزو پوری ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نام ٩٩ ہیں۔

تعویذوں میں اعداد و حروف تہجی :- تعویذوں میں جو اعداد یا حروف تہجی درج کئے جاتے ہیں ان کا مقصد یہی ہوتا ہے کہ اعداد کی مسلمہ خاصیت سے فائدہ اٹھایا جائے۔ اس مقصد کے پیش نظر اللہ تعالیٰ کے نام اور دعائیہ فقروں کے اعداد نکال کر ان کے تعویذ تیار کئے جاتے ہیں۔ تعویذوں میں متفرق اعداد کو دیکھ کر یہ خیال نہیں کرنا چاہئے کہ تعویذ لکھنے والے بلا سوچے سمجھے چند اعداد لکھ دیتے ہیں بلکہ یہ اعداد اللہ تعالیٰ کے نام یا قرآن مجید کی کسی آیت سے خاص حساب کے ذریعہ حاصل کر کے ایک خاص طریقے کے مطابق لکھے جاتے ہیں ہر نقش بشرطیکہ صحیح طریقہ سے لکھا گیا ہو متبرک ہوتا ہے۔ اور اس کی

تاثیر خاصیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا؛؛

باب .. ۲

اعمال ونقوش میں کس طرح تاثیر پیدا کی جائے ؛؛

جب تک کوئی شخص اصول فن سے واقف نہ ہو اس کے بھرے ہوئے تعویذوں میں اثر نہیں ہو سکتا لہذا ہر شخص کیلئے نقوش پُر کرنے کے صحیح طریقوں اور دوسری ہدایتوں سے واقف ہونا ضروری ہے سب سے پہلے ضروری بات یہ کہ نقوش کو کسب معاش کا ذریعہ نہ بنایا جائے اگر کسی متوکل کی امداد اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے کر دے تو دوسری بات ہے ورنہ کسی شخص سے کچھ معاوضہ طلب نہ کرنا چاہئے۔ کسی مسلمان کو ایذا پہنچانے کیلئے کوئی عمل کرنا یا نقش بھرنے گناہ ہے سب سے بہتر عمل وہ ہے جس کے ذریعہ خدمت خلق کی جاسکے عمل اعمال سے پہلے نقش بھرنے سیکھے اور اس کے اوقات معلوم کرے کہ کس کام کیلئے کس وقت نقش بھرنے چاہئے: عامل کو ہمیشہ اکل حلال اور صدق مقال کی کوشش کرنی چاہئے۔ پاک رزق حاصل کرنے کیلئے کوشاں رہے محنت ومزدوری سے کسب معاش کرے اور جھوٹ نہ بولے کسی کی بدگوئی اور غیبت نہ کرے اس سے تاثیر عمل جاتی رہتی ہے زیادہ سونا بھی عامل کیلئے مضر ہے شب بیداری کو شعار بنائے فرائض کی پابندی اور سنت نبوی پر عمل کرے اعمال ونقوش میں تاثیر پیدا کرنے کیلئے اعمال ذاتی کی اصلاح ضروری ہے جس شخص کے ذاتی اعمال اچھے نہ ہوں اس کے عملیات میں اثر نہیں ہو سکتا جسم اور پوشاک کی صفائی کا خیال رکھے درود شریف زیادہ پڑھتا رہے تاکہ رجعت سے محفوظ رہے۔ **نقوش بھرنے کی ساعتوں کا نقشہ** عامل کیلئے نقوش کی صحیح ساعات کا علم ضروری ہے دن رات کے چوبیس (۲۴) گھنٹوں

ستاروں کی ساعات کا نقشہ

روز — شب

دن	١	٢	٣	٤	٥	٦	٧	٨	٩	١٠	١١	١٢	١٣	١٤	١٥	١٦	١٧	١٨	١٩	٢٠	٢١	٢٢	٢٣	٢٤
اتوار	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	آفتاب	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

سعد و نحس ستارگان اور اُن ساعتوں میں تعویذ لکھنے کا مفصل بیان

مشتری :-	سعد اکبر ہے۔ اس کی ساعت میں تعویذ محبت اور حاضر ہونے غائب اور دفع بیماری لکھنا چاہئے۔
زہرہ	سعد اصغر ہے۔ اس کی ساعت میں تعویذ اُلفت اور زبان بندی خواب بندی لکھے۔
عطارد	مشترک ہے۔ اس میں تعویذ محبت اور خواب بندی۔ تیغ بندی وغیرہ لکھا جائے۔
شمس	سعد ہے۔ اس کی ساعت میں بھی تعویذ محبت اور شفاء مریض وغیرہ
قمر	سعد ہے۔ اس کی ساعت میں تعویذ محبت اور اخلاص نیز شفاء امراض لکھے جاتے ہیں۔
زحل	نحس اکبر ہے۔ اس کی ساعت میں تعویذ ہلاکی اعداء وغیرہ لکھے جاتے ہیں۔
مریخ	نحس اصغر ہے اس کی ساعت میں عداوت۔ ہلاکی دشمن مقہوری اعداء لکھنے چاہئیں۔

بخورات

مشتری کا بخور :- عود۔ مشک۔ کافور۔ جوانہ۔ صندل سرخ۔ شکر۔

زہرہ کا عود :- عنبر۔ مشک، صندل سفید۔ کافور۔ اسپند۔

عطارد کا عود :- کافور۔ صندل سرخ لونگ۔

شمس کا عود :- مشک۔ دارچینی۔

قمر کا عود :- کافور۔ شہد۔

زحل کا عود :- لوبان۔ رال۔

مریخ کا عود:۔ لوبان۔

تعویذ لکھنے اور فلیتہ جلانے کے وقت موافق ستارہ اس کا بخور جلانا چاہئے اور بحکم ستارہ عاشق و معشوق عمل کرے۔ تعویذ بغض کے واسطے رائی ورال۔ فتیلہ جن بھوت کے واسطے گوگل، ہینگ۔ سرسوں پیپل گرد۔ بخور دھونی کو کہتے ہیں۔

نقش پُر کرنیکا بیان

معلوم ہو کہ نقش کی چار قسمیں ہیں اور ہر قسم کی جدا تاثیر ہے۔ اقسام یہ ہیں۔

آبی۔ بادی۔ خاکی۔ آتشی۔

آبی ۔ عداوت اور مقہوری اعدا۔ **بادی** تپ و لرزہ۔ **خاکی** محبت اور گردنامہ مسافر۔ **آتشی** آسیب زدہ اور عداوت کے واسطے لکھی جاتی ہیں۔

اقسام نقش مثلث۔ مربع۔ مخمس، مسدس۔ مثمن وغیرہ بہت ہیں۔ مگر زیادہ کار آمد مثلث و مربع ہیں۔ اس لئے انھیں کے پُر کرنے کا طریقہ لکھا جاتا ہے۔ مثلث کا یہ طریقہ ہے کہ جس اسم یا دعا کا نقش بھرنا ہے۔ اُس کے عدد نکال کر بارہ اُس میں سے گھٹاؤ باقی کو تین پر تقسیم کرو۔ حاصل تقسیم جو عدد ہو اُس سے نقش شروع کرو۔ باقی اگر ایک بچا ہے تو ساتویں خانہ میں اور اگر دوٗ بچے ہیں تو چوتھے خانہ میں زیادہ کرو

مثال ۔ احمد کے نام کا نقش بھرنا ہے۔ اُس کے عدد ۵۳ ہوئے۔ قاعدہ جاری کرو ۵۳ - ۱۲ = ۴۱ ۴۱ ÷ ۳ = ۱۳ باقی دوٗ رہے۔ جو چوتھے خانہ میں زیادہ کئے جاویں گے۔ ہر نقش کی پیشانی پر ۷۸۶ اعداد بسم اللہ شریف لکھنا ضروری ہیں۔

۷۸۶

۱۹	۱۳	۲۱
۲۰	۱۸	۱۵
۱۴	۲۲	۱۷

نقش اسمِ احمدؐ

ذیل میں اقسام نقش درج ھیں۔

بادی

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

خاکی

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

آتشی

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

آبی

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

مربع نقش پُر کرنے کا قاعدہ خواص اس کے امزاج کے مثل مثلث ہی طریقہ یہ ہے کہ جس دعا وغیرہ کا مربع پُر کرنا ہو اُس کے عدد نکال کر ۳۰ گھٹا دو باقی کو چار پر تقسیم کرو حاصل قسمت سے نقش شروع۔ باقی جو رہے اُس کا عمل اس شعر پر کرو " ف

ایک کسر گھر تیرہواں اور دو کسر گھر نو تین کسر گھر پانچواں سو نقش پورا ہوا

مثال۔ مربع رحیم کا مربع پُر کرنا ہے عدد نکالے ۲۵۸ ہوئے قاعدہ جاری کرو

۲۵۲ - ۳۰ = ۲۲۸ ÷ ۴ = ۵۷

۷۸۶

۶۴	۶۷	۷۰	۵۷
۶۹	۵۸	۶۳	۶۸
۵۹	۷۲	۶۵	۶۲
۶۶	۶۱	۶۰	۷۱

نقش مخمس کا بھی احتیاطاً طریقہ لکھا جاتا ہے۔ اس میں اعداد موجودہ سے ساٹھ (۶۰) گھٹاویں باقی کو ۵ سے تقسیم کریں۔ کسر کا اس کی یہ قاعدہ ہے۔ ایک بچے تو اکیسویں خانہ میں، دو سولھویں خانہ میں، تین گیارہویں خانہ اور چار پانچیں خانہ میں بڑھادیں. مخمس کا نقش زہرہ سے منسوب ہے۔

مثال مخمس جس میں باقی نہیں۔

۱۹	۲۵	۱	۷	۱۳
۲	۸	۱۴	۲۰	۲۱
۱۵	۱۶	۲۲	۳	۹
۲۳	۴	۱۰	۱۱	۱۷
۶	۱۲	۱۸	۲۴	۵

مثال مخمس جس میں ایک باقی ہے

۱۹	۲۶	۱	۷	۱۳
۲	۸	۱۴	۲۰	۲۲
۱۵	۱۶	۲۳	۳	۹
۲۴	۴	۱۰	۱۱	۱۷
۶	۱۲	۱۸	۲۵	۵

کسر کی مثال صفحہ ۱۳ پر پڑھئے

۲ کسر کی مثال۔

۲۰	۲۶	۱	۷	۱۳
۲	۸	۱۴	۲۱	۲۲
۱۵	۱۷	۲۳	۳	۹
۲۴	۴	۱۰	۱۱	۱۸
۶	۱۲	۱۹	۲۵	۵

۳ کسر کی مثال

۲۰	۲۶	۱	۷	۱۴
۲	۸	۱۵	۲۱	۲۲
۱۶	۱۷	۲۳	۳	۹
۲۴	۴	۱۰	۱۳	۱۸
۶	۱۳	۱۹	۲۵	۵

طریقہ دعوت حروف تہجی، واضح ہو کہ اول اُس حروف کا موکل ترکیبی اور موکل مجرد اسم الٰہی اور موکل مسی موافق ۲۸ لطون معلوم کرے اور ساتھ لفظ بحق کے ترکیب دیکر عزیمت بناوے مثال۔ یا اسرافیل یا آئیل بحق یا اللہ یا کافی یا دقصائیل بحق یا ظاہر۔

طریق دریافت کرنے موکل ترکیبی کا یہ ہے کہ عاملوں نے ہر حرف میں استخراج کرکے ایک موکل مقرر کیا ہے۔ حرف الف کے ساتھ بارہویں حرف یعنی سر کو ساتھ اول کے مرکب کیا اور بیسویں کو مفرد کیا تو اسرافیل ہوا پس یہ موکل ترکیبی الف کا ہے موکل مجرد اگر بابعد حرف کے الف ممدودہ لگا کر کلمہ ئیل زیادہ کریں تو ائیل الف کا اور بائیل ب کا موکل مجرد ہوگا۔

کلمہ ئیل اسماء الٰہی سے ہے باقی دعوت تمام حروف تہجی اس طرح کرنی چاہیئے جیسے نقشہ صفحہ ۱۴ میں درج کی جاتی ہے۔ روزہ اس کے ایام زکوٰۃ میں ضروری ہے۔ اور شرائط چلہ لکھے بھی گئے ہیں اور آئندہ بھی لکھے جاویں گے۔

حروف تہجی	موکل کبیر تہجی	موکل صغیر	حروف اسمائے الٰہی تہجی	ترجمہ	حروف تہجی	موکل کبیر تہجی	موکل صغیر	حروف اسمائے الٰہی تہجی	ترجمہ
ا	اسرافیل	آئیل	اللہ	معبود خدائے بزرگ	ض	عداکائیل	ضائیل	ضامنُ	ضمانت کرنیوالا
ب	جبرائیل	بائیل	باسِطُ	کھولنے والا	ط	سماعیل	طائیل	طیب	پاکیزہ
ت	عزرائیل	تائیل	توابُ	قبول کرنیوالا توبہ کا	ظ	نورائیل	ظائیل	ظاہرُ	ظاہر ساتھ قدرت اپنی کے
ث	میکائیل	ثائیل	ثابتُ	قائم	ع	نوعیل	عائیل	علیمُ	جاننے والا
ج	کلکائیل	جائیل	جلیلُ	بزرگ قدر	غ	لوخاعیل	غائیل	غفورُ	بڑا بخشنے والا
ح	تنکفیل	حائیل	حمیدُ	سراہا گیا	ف	سرحائیل	فائیل	فتاحُ	بڑا کھولنے والا کاموں کا
خ	میکائیل	خائیل	خبیرُ	ہر چیز سے خبردار	ق	عطرائیل	قائیل	قہارُ	غالب ہر شے پر
د	دردائیل	دائیل	دلیلُ	راہ دکھانیوالا	ک	حزروائیل	کائیل	کریمُ	بڑا بخشنے والا
ذ	اہراطیل	ذائیل	ذاکرُ	یاد کرنیوالا	ل	طاطائیل	لائیل	لطیفُ	باریک بین
ر	اموائیل	رائیل	رحمٰنُ	بڑا بخشنے والا	م	رومائیل	مائیل	معزُ	عزت دینے والا
ز	شرفائیل	زائیل	زکیُ	پاک صاف	ن	حونائیل	نائیل	ناصرُ	مدد کرنیوالا
س	عحرائیل	سائیل	سمیعُ	سب کی سننے والا	و	فتمائیل	وائیل	ودودُ	بہت دوست رکھنے والا
ش	ہمرائیل	شائیل	شکورُ	قدردان شکر کرنے کا	ہ	دردیائیل	ہائیل	ہادیُ	راہ دکھانیوالا
ص	اہجمائیل	صائیل	صمدُ	بے پرواہ	ی	سراطائیل	یائیل	یاسرُ	

ہر شخص کو لازم ہے کہ پہلے زکوٰۃ حروف تہجی کی ادا کرے بعد کو جو عمل شروع کرے گا۔ ضرور انشاء اللہ کامیاب ہوگا اور رجعت سے محفوظ رہے گا اکثر ایسا کرتے ہیں کہ بغیر ادائے زکوٰۃ حروف تہجی کسی اسم یا عزیمت وغیرہ کی دعوت دیتے ہیں کام بھی نہیں ہوتا۔ اور نقصان بھی اُٹھاتے ہیں۔

طریقہ دعوت حروف تہجی یہ ہے کہ بعد انتظام تمام ہنسیات کے روزہ رکھے۔ شروع تاریخ سے شروع کرے قمر درعقرب نہ ہو۔ ہر اسم کو موافق قاعدہ مذکور الصدر کے

درست کر کے عزیمت بنا دے اور اس کو چار ہزار چار سو چوالیس بار پڑھے ۲۸ روز میں دعوت ختم کرے روزہ درمیان زکوٰۃ میں قصداً قضا نہ کرے۔ اگر اتفاقاً ہو جائے تو ناقہ سے رہے۔

اقسام تعویذات اوپر درج ہیں۔ بعض تشریحات ضروری اور واضح طور پر لکھی جاتی ہیں۔

آتشی واسطے فتوحات اور خواب بندی کے آگ میں ڈالا جاتا ہے۔

بادی محبت اور زبان بندی کے واسطے درخت میں لٹکایا جاتا ہے۔

آبی واسطے خلاصی محبوس وتسخیر کے دریا میں ڈالا جاتا ہے۔

خاکی واسطے ہلاکی دشمن کے قبر یا زمین میں دفن کرنا چاہیئے۔

آتشی لکھنے کے وقت منہ جانب مشرق ہو اور ایک زانو پر تنور یا دیگدان کے قریب بیٹھے۔

بادی۔ تعویذ جس کے واسطے لکھے اس میں یہ پہلے دیکھنا لازم ہے کہ اس کے نام میں ان گیارہ حرفوں میں سے تو کوئی حروف نہیں ہے۔ ا۔ ب۔ ج۔ د۔ و۔ ق۔ ہ۔ ل۔ ن۔ ط۔ ص اور اونچی جگہ بیٹھ کر منہ جانب مغرب کر کے لکھے۔

آبی۔ دریا۔ یا حوض یا چاہ کے کنارے منہ شمال کی جانب کر کے لکھے پانی میں بیٹھکر لکھے تو بہت زود اثر ہو۔

خاکی لکھنے کے وقت مکان خالی۔ منہ جانب جنوب۔ لباس معطر۔ ایک زانو سے زمین پر بیٹھے۔

جو شخص تعویذ لکھنے کے وقت قلم بنائے۔ ساعات ذیل کا لحاظ رکھے۔

ساعت عطارد میں زبان بندی۔ خواب بندی۔ مریخ میں تیغ بندی۔ زحل میں دشمنی وجدائی قمر یا مشتری میں محبت وتسخیر۔ زہرہ میں ترقی رزق۔

تعویذ لکھنے کے اوقات

وقت صبح تعویذ محبت وترقی رزق۔ نیم چاشت بیماری۔ ظہر عداوت مابین ظہر وعصر عداوت اور ہلاکی اعداد۔ وقت عشا زبان بندی۔ ہر قسم کا تعویذ باوضو یا طہارت لکھے جامہ معطر و پاک ہو۔ تعویذ کی پیشانی پر ۷۸۶ پہلے لکھے پھر خانہ پری شروع کر دے اور تعویذ لکھنے سے قبل یا حافظ یا حفیظ یا رقیب یا وکیل ضرور پڑھے اور اپنے اوپر دم کرلے۔ درمیان میں کسی سے ہمکلام نہ ہو عورت ناپاک و نامحرم کا

سایہ نہ پڑے۔

محبت کا تعویذ اکثر عروج ماہ میں لکھے اول قلم ہاتھ میں لے اور اُس پر وہی نام پڑھے۔ پھر کاغذ داہنی ران پر رکھ کر شیریں چیز منہ میں رکھے اور چند مرتبہ یا شفیع پڑھے اور شکر چراغ میں ڈالے اور مشک و زعفران سے لکھے اور دل میں خیال مطلوب رکھے منہ طرف خانہ محبوب کے ہو تعویذ حُب کا اگر بغرض حرام ہو تو علوی نہ کرے۔ سفلی اعمال سے کام لے۔

ان تمام قواعد مذکورہ کو ذہن نشین کر کے اگر باقاعدہ کام کروگے تو انشاء اللہ کامیاب ہوگے۔ ورنہ خوار و مبتلائے رجعت و نقصان۔ اکثر اشخاص کتاب میں نقش دیکھ کر اپنی نادانی سے نقل کر کے یا وظیفہ یاد کر کے کام لیتے ہیں ناکامی پر کتاب کو جھوٹا اور عمل کو بے اثر فرماتے ہیں۔ اپنی نادانی پر متاسف نہیں ہوتے یہ ممکن ہے کہ بغیر زمین کو درست کئے گیہوں ڈال کر کوئی شخص چاہے روٹی پکی ہوئی حاصل ہو۔ اگر قاعدہ سے کام کرے گا اور کاشت کے اصول کو مدنظر رکھے گا بیشک انجام حسب مراد ہوگا۔

باب (۳)

محبّت اور بغض کے نقوش

بنیں کا نقش

(۱) محبت اور تسخیر کے لئے بنیں کا نقش بہت مجرب ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے نام "یا ودود" کا نقش ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ پنج شنبہ کو عروج ماہ میں روزہ رکھے اور اول و آخر درود شریف کی ایک ایک تسبیح (سو مرتبہ) کے ساتھ گیارہ ہزار مرتبہ "یا ودود" پڑھے۔ اس کے بعد اسم نقش لکھ کر آٹے میں گولیاں بنائے اور دریا میں ڈالے

بعدہ روزانہ ایک ہزار یا پانچ سو تعویذ روزانہ لکھے اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے جب ایک لاکھ پچیس ہزار کی تعداد پوری ہو جائے پھر روزہ رکھے اور اول و آخر درود شریف کی ایک ایک تسبیح کے ساتھ اسم یا بدوح گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے۔ نقش کا عامل ہو جائے گا۔ یہ تعویذ محبت اور تسخیر کے لئے لاجواب ہے۔ نقش معظم حسب ذیل ہے۔

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

(۲) پندرہ کا نقش

فتوحات اور تسخیر کے لئے پندرہ کا نقش بہترین تسلیم کیا جاتا ہے۔ محبت کے لئے نقش دے تو محبوب مسخر ہو۔ دوکان پر لگائے تو کاروبار کو ترقی ہو۔ خود پاس رکھے تو دست غیب حاصل ہو۔ ہر نماز کے بعد پانچ نقش لکھتا رہے اور چلہ پورا کرے۔ نقش حسب ذیل ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

(۳) زن و شوہر میں محبت کے لئے

۷۸۶

م	ز	ن	ک
العجل	العجل	العجل	العجل
فلاں	بن	فلاں	حُب
فلانہ	بنت	فلانہ	علی
۵	ی	ف	خ

محبت کے لئے لاجواب تعویذ ہے فلاں کی جگہ طالب اور فلانہ کی جگہ عورت کا نام لکھے۔ تعویذ عورت بازو پر باندھے یا مرد کو گھول کر پلا دے۔

حُب کیلئے بیس کا نقش

(۴)

حُب کے لئے بیس کا نقش بطریقۂ ذیل سریع الاثر ہے۔

بہ پنج شنبہ کو روزہ رکھے نماز مغرب کے بعد ۱۲۴ مرتبہ پڑھے عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ الرَّحِیْم اٰلہی بحرمت

این آیۂ شریفہ فلاں بن فلاں را از دل و جان بر فلانہ بنت فلانہ مبتلا و فریفتہ گردان۔

اس کے بعد تعویذ لکھ کر ہوا میں لٹکائے۔

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

گھوڑے کے نعل پر حُب

(۵)

حُب کے لئے گھوڑے کا نعل نیا لائے اس پر نقش لکھے اور آگ میں ڈال دے۔

جب نعل سرخ ہو مطلوب طالب ہو جائے۔ نقش یہ ہے۔



(۶) میاں بیوی میں اتفاق

زن و شوہر میں میل محبت کے لئے مجرب تعویذ ہے۔

۷۸۶

صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ	ابراھیم خلیل اللہ علیہ السلام	صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ
ابراھیم محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام	بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ	ابراھیم ادھم رحمۃ اللہ علیہ
صم بکم عمی فھم لا یرجعون	ابو ابراھیم احمد علیہ السلام	صم بکم عمی فھم لا یرجعون

تعویذ بازو پر باندھے۔

(۷) شوہر کی اصلاح کے لئے نقش

بدمزاج اور آوارہ شوہر کی اصلاح کے لئے حسب ذیل نقش لکھ کر عورت کو دے عورت سر کے بالوں میں رکھے۔

۷۸۶

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۴	۱۳	۲
۱۲	۱	۸	۱۱

(۷) بغض کے لئے نقش

دو آدمیوں میں جائز طور پر بغض کرانے کے لئے حسب ذیل نقش دے۔

۷۸۶

ر	ق	ی	ب
ی	ی	ی	ی
ق	ب	ی	ر
ب	ر	ی	ق

(۸) دشمن کو زیر کرنے کے لئے نقش

ظالم دشمن کو زیر کرنے کے لے حسب ذیل نقش سریع الاثر ہے۔

۷۸۶

کہ	۱۱۴	۱۳	۱
۱۳	۳	۷	۲
۱۴	۹۳	م	۶
۱۵	ع	عہ	ع

نقش پاس رکھے۔ دشمن کے دل پر ہیبت طاری ہوگی۔

(۹) داشتہ عورت سے جدائی

اگر کسی عورت کے شوہر کا تعلق داشتہ عورت سے ہو تو عورت حسب ذیل تعویذ لکھ کر پانی میں گھولے اور شوہر کو پلائے۔ سات دن

۷۸۶

ع	۲	ا	س
ف	۷	۹	م
ز	البغض فلاں بن فلاں علی فلانہ بنت فلانہ		ق
ن	۴	۳	ر

فلاں ابن فلاں کی جگہ شوہر اور فلانہ بنت فلانہ کی جگہ داشتہ عورت اور اس کی ماں کا نام لکھے۔

(۱۰) عورت کو فریفتہ کرنے کے لئے

جائز مقصد کے لئے یہ نقش لکھ کر پاس رکھے جس عورت کو نظر محبت سے دیکھے فریفتہ ہو جائے۔

اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ

۷۸۶

۳۶	۴۱	۲۳
۳۵	۳۷	۳۹
۴۰	۳۲	۳۸

اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ

اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ

اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ

(۱۱) شوہر کو فریفتہ کرنے کے لئے

عورت پنج شنبہ کو عروج ماہ میں نہا دھو کر روزہ رکھے اور شام کو افطار کے بعد تعویذ بازو پر باندھے شوہر فریفتہ ہو جائے گا

۷۸

۴۱	۱	۴۷	۱۰
۱۱	۱۷	۲	۱۹
۳	۳۲	۸	۸۰
۶۷	۹	۲۱	۳

(۱۲) شوہر سے ناجائز عورت چھڑانے کے لئے

شوہر کا تعلق اگر کسی ناجائز عورت سے ہو تو حسب ذیل تعویذ لکھ کر منگل کے دن انار کے درخت میں لٹکائے ناجائز عورت سے بحکم خدا جدائی ہو جائے گی۔

۷۸۶

بجد	حزہ	لو	حلم
عندی	البغض فلاں بن فلاں علی فلانہ بنت فلانہ		عندی
سح	ی	صح	صح

فلاں بن فلاں شوہر اور اس کی ماں کا نام اور فلانہ بنت فلانہ کی جگہ ناجائز عورت کا نام لکھے

(۱۳) بدمزاج شوہر کی تسخیر کے لئے

اگر کسی عورت کا شوہر بدمزاج ہو تو بیوی حسب ذیل تعویذ لکھ کر شربت میں گھولے اور گیارہ دن تک شوہر کو پلائے۔ اس کا دل نرم ہو جائے گا۔

۷۸۶

م	ہ	ق	ی	م
ن	سح	س	ی	ن
ر	لع	ر	لع	ر
س	ی	ن	سح	س
ق	ی	م	ہ	ق

(۱۴) شوہر کے ناجائز تعلقات ختم کرانے کے لئے

اگر شوہر کے ناجائز تعلقات کسی عورت سے ہوں تو حسب ذیل نقش ایسی جگہ دفن کرے جہاں شوہر کا پیر پڑتا ہو۔ چند روز کے اندر شوہر کو داشتہ عورت سے نفرت ہو جائے گی



(۱۵) میاں بیوی میں محبت کے لئے نقش

بیوی یا شوہر کو حسب ذیل نقش لکھ کر گیارہ دن تک پانی یا شربت میں گھولے اور پلائے۔

۷۸۶

ل ل ل ل ل ل ل

ه ه ه ه ه ه ه

عح عح عح عح عح عح عح

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلانہ بنت فلانہ

(۱۶) شوہر کے دل سے ناجائز محبت دور کرنے کیلئے

اگر شوہر کسی غیر عورت کی ناجائز محبت میں مبتلا ہوگیا ہو تو منگل کے دن ٹھیک دوپہر کے وقت حسب ذیل نقش آگ کے سامنے بیٹھ کر لکھے اور جلا دے۔ سات روز متواتر یہی عمل کرے۔ شوہر کا دل غیر عورت سے برا ہو جائے گا۔



(۱۷) شوہر کی محبت حاصل کرنے کے لئے

دوشنبہ کو نماز فجر کے پاک و صاف کپڑے پہن کر حسب ذیل نقش لکھے اور بازو پر باندھے۔ شوہر کے دل میں محبت پیدا ہو جائے گی۔ اور بات بات پر بکنا بند کر دے گا

۷۸۶

۶۰۰۲	۶۰۱۶	۶۰۱۳	۶۰۰۹
۶۰۱۴	۶۰۰۸	۶۰۰۳	۶۰۱۵
۶۰۰۷	۶۰۱۱	۶۰۱۸	۶۰۰۴
۶۰۱۷	۶۰۰۵	۶۷۰۶	۶۰۱۲

حُب کا لاجواب عمل

بکرے کی شانے کی ہڈی پر عروج ماہ میں نماز جمعہ کے بعد سر برہنہ ہو کر جس قدر سورۃ یٰسین شریف آسکے لکھے اور ہڈی کو ہانڈی میں رکھ کر چولھے کے نیچے دفن کر دے۔ اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ ہانڈی صرف گرم رہے چلے نہیں ورنہ نقصان کا احتمال ہے۔

باب (۴)

دست غیب اور ترقی روزگار

یا غنی کا نقش

نام پاک "یا غنی" کا نقش بہت مجرب ہے۔ اس کو پاس رکھنے سے افلاس دور ہوتا ہے۔ قرض ادا ہو جاتا ہے۔ بیروزگار کو روزگار ملتا ہے۔ اور اللہ تعالےٰ غیب سے روزی کا انتظام کرتا ہے۔ فقیر بھی اگر اس نقش کو لکھ کر پاس رکھے تو غنی ہو جاے

نقش مکرم صفحہ ۲۶ پر ملاحظہ

۷۸۶

۲۶۴	۲۶۸	۲۷۱	۲۵۷
۲۷۰	۲۵۸	۲۶۳	۲۶۹
۲۵۹	۲۶۳	۲۶۶	۲۶۲
۲۶۷	۲۶۱	۲۶۰	۲۷۲

دست غیب کیلئے یا فتاح کا نقش

دوشنبہ یا جمعرات کو عروج ماہ میں روزہ رکھے اور پانی سے افطار کرے۔ نماز مغرب سے فارغ ہو کر ایک ہزار مرتبہ اسم یا فتاح پڑھے اول و آخر ایک ایک تسبیح درود شریف۔ اس کے بعد سات مرتبہ سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضور رسول مقبول اور بزرگان امت کی ارواح پاک پر ایصال کرے۔ پھر یہ یا فتاح کا نقش معظم لکھ کر پاس رکھے۔ تمام مشکلات دور ہوں گی اور اللہ تعالیٰ غیب سے معاش کا انتظام فرمائے گا۔

۷۸۶

۱۶۴	۹۵۶	۱۶۶
۱۶۵	۱۶۳	۱۶۱
۱۶۰	۱۶۷	۱۶۳

یا عزیز کا نقش

نام پاک یا عزیز کا نقش روزگار اور عزت کی ترقی کے لئے مجرب ہے۔ دوکان پر لکھ کر لگائے تو مال خوب فروخت ہو۔ بازو پر باندھے تو حکام میں عزت ہو۔ افلاس اور تنگ دستی دور ہو۔ نقش مکرم صفحہ ۲۷ پر درج ہے۔

۷۸۶

۳۹	۳۴	۴۱
۴۰	۲۸	۳۶
۲۶	۴۳	۲۸

(۱۸) روزگار میں ترقی کے لئے

دو شنبہ کو نماز فجر کے بعد حسب ذیل نقش لکھ کر داہنے بازو پر باندھے۔ اگر بیروزگار ہے تو چند روز کے اندر روزگار مل جائے گا۔ روزگار مل جانے پر تعویذ بازو سے کھول کر کنویں یا دریا میں ڈال دے اور شیرینی پر نیاز دلائے۔ نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

قُلْ اِنَّ الفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ط وَ اللّٰہُ
ذُوْ الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ط

(۱۹) دوکان میں ترقی کے لئے یا باسِطُ کا نقش

اگر دوکان میں مال کم فروخت ہوتا ہو تو نام پاک یَا بَاسِطُ کا حسب ذیل نقش مکرم لکھ کر دوکان پر باہر کے رخ چسپاں کرے۔ گاہک زیادہ آئیں گے۔ اور مال خوب فروخت ہوگا۔

۷۸۶

۸	۳۰	۲۷
۳۶	۲۴	۱۲
۲۱	۲۹	۲۲

(۲۰) پندرہ کا نقش مکرم

دست غیب۔ فتوحات اور ترقی روزگار کے لئے پندرہ کا نقش بہت مجرب اور مشہور ہے اگر یہ نقش طریقے کے مطابق لکھا جائے تو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ دست غیب کے لئے عمدہ عمل ہے۔ نقش مکرم حسب ذیل ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

(۲۱) پندرہ کا نقش بطرز دیگر

یہ نقش فتوحات۔ دست غیب اور روزگار کے لئے لاجواب ہے۔

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

(۲۲) تنخواہ میں ترقی کے لئے نقش

اگر تنخواہ میں ترقی نہ ہوتی ہو تو حسب ذیل نقش لکھ کر اپنے بازو پر باندھے۔ جلد ترقی ہوگی

۷۸۶



(۲۳) ## مال میں ترقی کے لئے نقش

پیتل کی چھوٹی سی تختی پر دوشنبہ یا جمعرات کو کندہ کرائے۔

۷۸۶

یَا وَہَّابُ

تختی مال واسباب کے صندوق میں رکھے۔ مال میں ترقی ہوگی۔

(۲۴) ## دولت میں ترقی کے لئے

جس صندوق میں روپیہ رہتا ہو اس کے ڈھکنے پر اندر کی جانب حسب ذیل نقش چسپاں کردے۔ دولت میں ترقی ہوگی اور مال چوری سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

باب (۵)

امراض اور بیماریوں کے لئے مجرب تعویذ

یا

(۲۵) ## مرگی کے لئے مُحیط کا نقش

مرگی دُور کرنے کے لیے۔ یا مُحیطُ کا یہ نقش بہت مجرب ہے۔ اسے طہارت کے

ساتھ لکھ کر مصروع کے گلے میں ڈال دے۔

۷۸۶

م	ط	ی	ح
ی	ح	م	ط
ح	ی	ط	م
ط	م	ح	ی

(۲۶) مرگی کے لئے دوسرا مجرب نقش

مرگی کے لئے حسب ذیل نقش بھی بہت مفید ہے۔ طہارت اور پاکیزگی کے ساتھ لکھ کر مریض کے سر میں باندھنا چاہیے

۷۸۶

حم حسق	طس	حم ق	الر
احمد	کافی	نافع	رحمن
محمد	سحاب	اللہ	کفیل
عسق حم	طس	المص	ص ن ھم

(۲۷) درد کے لئے پندرہ کا نقش

۷۸۶

جس قسم کا بھی درد ہو حسب ذیل نقش لکھ کر گلے یا بازو میں باندھے درد دور ہو جائے گا

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

(۲۸) تپ و لرزہ کیلئے نقش

جو شخص تپ و لرزہ میں مبتلا ہو۔ یہ نقش لکھ کر اس کی داہنی کلائی پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تپ و لرزہ سے نجات ہوگی۔

۷۸۶

قُلْ يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلَى إِبْرَاهِيمَ

(۲۹) بخار کے لئے مجرب نقش

یہ نقش لکھ کر مریض کے داہنے بازو پر باندھے تپ و لرزہ دور ہو جائے گا۔

۷۸۶

۱۶	۳	۶	۹
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴

(۳۰) لرزہ اور بخار کیلئے نقش

تپ و لرزہ کے لئے حسب ذیل تعویذ لکھ کر مریض کے داہنے ہاتھ پر باندھے جب آرام ہو پانچ چھٹانک چاول پکا کر دودھ شکر ملائے اور پانچ برتنوں میں رکھے حضرات پنج تن پاک کی ارواح مقدسہ پر ایصال ثواب کرے



(۳۱) ڈبہ کیلئے نقش

بچوں کی بیماری "ڈبے" کے لئے حسب ذیل نقش مجرب ہے۔ دو نقش لکھ کر ایک بچّہ کے گلے میں ڈال دے۔ دوسرا دھو کر پلائے۔ نقش حسب ذیل ہے۔

۷۸۶

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

(۳۲) چہار قل اور آیۃ الکرسی کا نقش

آیۃ الکرسی اور چاروں قل کے اعداد کا حسب ذیل نقش بہت مجرب اور نادر ہے اسے گلے میں رکھنے سے انسان تندرست رہتا ہے کوئی بیماری۔ آفت یا بلا قریب نہیں پھٹکتی جادو کا اثر نہیں ہوتا۔ اور آسیب سے محفوظ رہتا ہے جس مریض کو یہ نقش پانی میں دھو کر پلا یا جائے اس کو بحکم خدا شفا ہو۔ نقش معظم حسب ذیل ہے۔

۷۸۶

۱۱۸۵۰	۱۱۸۵۳	۱۱۸۵۶	۱۱۸۴۳
۱۱۸۵۵	۱۱۸۴۴	۱۱۸۴۹	۱۱۸۵۴
۱۱۸۴۵	۱۱۸۵۸	۱۱۸۵۱	۱۱۸۴۸
۱۱۸۵۲	۱۱۸۴۷	۱۱۸۴۶	۱۱۸۵۷

دانت کا درد دور کرنے کے لئے

اگر دانت میں درد ہو تو حسب ذیل نقش لکھ کر دانت کے نیچے دبائے

مجرب ہے۔

فلما یسر ناہ یلیسا ناث یسزناہ اعنقن و تننذ ربہ فی مالد

(۳۴) خنزیر پھوڑے کے لئے نقش

خنزیر مشہور لاعلاج پھوڑا دونوں شانوں کے درمیان جانب پشت نکلتا ہے یہ نقش لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ صحت ہو۔



(۳۵) داد کے لئے نقش

جو شخص داد میں مبتلا ہو۔ پاک برتن پر ملتانی مٹی سے اس آیت کو لکھے اور پانی میں گھول کر داد پر ملنے بحکم خدا بہت جلد داد دور ہو جائے گا۔ آیہ شریفہ حسب ذیل ہے

فاصابہا اعصار فیہ نار فاحترقت ط

(۳۶) چیچک کے لئے نقش

جب کسی شہر یا قصبہ میں چیچک پھیلے تو حسب ذیل نقش لکھ کر بچوں کے گلے ڈال دے اللہ تعالیٰ چیچک سے محفوظ رکھے گا۔

۷۸۶

۱۳۸۸۹	۱۳۸۸۴	۱۳۸۸۹
۱۳۸۹۰	۱۳۸۸۸	۱۳۸۸۶
۱۳۸۸۵	۱۳۸۸۲	۱۳۸۸۷

(۳۷) ام الصبیان کے لئے یالطیف کا نقش

نام پاک یالطیف کا حسب ذیل نقش اُم الصبیان کے لئے مجرب ہے ۔
دو شنبہ کو نماز فجر کے بعد لکھ کر بچے کے گلے میں باندھے اللہ کے کرم سے صحت ہو گی
چاندی کی تختی پر نقش کھدوا کر بچے کے گلے میں پہنانا بھی مفید ہے ۔

۷۸۶

۴۴	۳۹	۴۶
۴۵	۴۲	۴۱
۴۰	۴۷	۴۲

(۳۸) بچوں کے دانت نکلنے کے لئے نقش

اگر بچے کے دانت دشواری سے نکلیں تو چینی کی نئی پلیٹ پر سورۂ ”ق“ لکھے اور بارش کے پانی سے دھو کر پلائیں مجرب عمل ہے ۔

(۳۹) اگر عورت کے دودھ کم ہو

اگر مرضعہ کے دودھ کم ہو اور بچہ کی شکم پُری نہ ہو سکتی ہو تو چینی کی پلیٹ پر یہ آیت زعفران سے لکھے اور پاک صاف پانی سے دھو کر ۲ حصے کرے ۔ ایک حصہ ماں کو پلا دے نصف حصہ اس کے کھانے میں ملا دے ۔ سات روز تک عمل کرے ۔ دودھ زیادہ ہو گی

آیہ شریفہ حسب ذیل ہے

الَّذِیْ اَحْسَنَ کُلَّ شَیْءٍ خَلَقَہٗ ...... تشکرون

(۴۰) نسیان دور کرنے کیلئے

اگر کوئی شخص نسیان میں مبتلا ہو تو الٓمٓ ذٰلک الکتاب سے ..... المفلحون

تک چینی کی نئی رکابی پر مشک و زعفران سے لکھ کر ایک ہفتہ نہار منہ پیئے۔ حافظہ قوی ہو جائیگا

(۴۱) بچہ اگر سونے میں چونک پڑتا ہو

بچہ اگر بہت روتا ہو یا سوتے میں چونک پڑتا ہو تو سورۂ "ابراہیم" لکھ کر بچے کے گلے میں بصورت تعویذ باندھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔

(۴۲) بواسیر کیلئے نقش

جس شخص کو بواسیر ہو اس کے ہاتھ میں یہ نقش باندھیں شفا ہوگی۔

۷۸۶		
۴۳۳	۴۲۷	۴۳۴
۴۳۲	۴۳۱	۴۳۹
۴۲۸	۴۳۵	۴۳۰

(۴۳) بواسیر کے لئے یا ملک کا نقش

نام پاک یا ملک کا نقش بواسیر دور کرنے کے لئے مجرب ہے۔ قاعدے کے مطابق تعویذ لکھ کر کمر میں باندھے۔ نقش مکرم حسب ذیل ہے۔

۷۸۶			
۱۲	۳۵	۳۸	۵
۳۷	۶	۱۱	۳۶
۷	۴۰	۳۳	۱۰
۳۴	۹	۸	۳۹

(۴۴) یاحیٔ کا نقش مکرم

جس شخص کو سانپ۔ بچھو یا کسی دوسرے موذی جانور نے کاٹا ہو اس کو نام پاک یا مٹی کا نقش پاک پانی میں گھول کر پلائیں اللہ کے حکم سے بہت جلد فائدہ ہوگا نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵

۳۵ موذی جانوروں سے حفاظت

مکان کو موذی جانوروں سے محفوظ رکھنے کے لئے الم تر الی الذین خرجوا من دیارھم سے آخر آیت تک زیتوں کے چار پتوں پر لکھے اور مکان کے چاروں گوشوں میں دفن کر دے۔ اگر مکان میں کوئی موذی جانور ہوگا وہ بھی بھاگ جائے گا۔

(۳۶) اختلاج قلب کے لئے نقش

اختلاج قلب کے لئے یشب کی تختی پر حسب ذیل نقش کندہ کرا کے سینہ پر رکھے مرض سے نجات ملے۔

۷۸۶

لاحول	ولاقوۃ	الا باللہ	العلی العظیم
العلی العظیم	الا باللہ	ولاقوۃ	لاحول
ولاقوۃ	لاحول	العلی العظیم	الا باللہ
الا باللہ	العلی العظیم	لاحول	ولاقوۃ

(۴۷) آشوب چشم کیلئے نقش

آشوب چشم کی شکایت میں چینی کی نئی طشتری پر پاک روشنائی سے لکھے۔

۷۸۶
یانور
یانور یانور یانور
یانور

تھوڑے سے پانی سے نقش کو گھولے اور کنپٹیوں اور آنکھوں کے پپوٹوں پر ضماد کریں۔
تین دن عمل کرنا چاہیئے۔

(۴۸) درد ناف کیلئے نقش

یہ نقش مکرم لکھ کر ناف کے اوپر باندھے اللہ کے فضل سے درد ناف کی شکایت دور ہو جائے گی۔

۷۸۶

ھار	۳	و	ع
ط	ط	ط	ط
یا	غفور	غفور	غفور
یااللہ	یااللہ	یااللہ	یااللہ

درد دور ہو جانے کے بعد تعویذ کھولے اور شیرینی پر بزرگان دین کی فاتحہ دلائے۔

(۴۹) کان میں درد کے لئے نقش

کان کے درد سے بہت تکلیف ہو تو حسب ذیل نقش لکھ کر گلے میں باندھے

جلد صحت ہو گی۔

لسرٔ م ۵۵ ل ا ق ا

(۵۰) کھانسی دُور کرنے کے لئے نقش

کھانسی کی تکلیف میں یہ نقش گلے میں باندھے۔ اللہ کے فضل سے بہت جلد آرام ہوگا

۷۸۶



(۵۱) سگ گزیدہ کیلئے نقش

کسی کو دیوانہ کتے نے کاٹا ہو تو اس نقش مکرم کو لکھ کر گلے میں باندھے اور سات دن تک ایک نقش روزانہ پانی میں گھول کر پلائے

۷۸۶

۳۴۱۱	۳۴۰۶	۳۴۱۳
۳۴۱۲	۳۴۱۰	۳۴۰۸
۳۴۰۰	۳۴۱۴	۳۴۰۹

(۵۲) لقوہ اور فالج کے لئے ۴۳ کا نقش

لقوہ۔ فالج۔ عرق النسا وغیرہ کے لئے ۴۳ کا نقش بہت مجرب ہے اور اگر پابندی شرائط کے ساتھ صحیح طریقہ پر لکھا جائے تو۔ اثر فوراً ظاھر

ہوتا ہے ۔ نقش یہ ہے ۔ ۷۸۶

۱۱	۲	۱۶	۵
۱	۱۳	۳	۱۰
۸	۱۲	۶	۱۵
۱۴	۷	۹	۴

(۵۳) برص اور جذام کیلئے نقش

منگل کے دن عروج ماہ میں یہ نقش لکھیں اور بروص یا جذامی کے جسم پر مل کر آگ میں جلادیں ۔ کم سے کم گیارہ دن وقت مقررہ پر عمل کریں ۔



(۵۴) طاعون کیلئے نقش

طاعون اور دیگر وبائی امراض کے موقع پر حسب ذیل شعر لکھ کر مکان پر چسپاں کریں بحکم خدا لوگ وبا سے محفوظ رہیں گے ۔

لی خمسۃ اُطفی بہا حرّ الوباء الحاطمہ
المصطفیٰ والمرتضیٰ وابناھما والفاطمہ

(۵۵) جو لوگ اولاد کی نعمت سے محروم ہوں

اگر کوئی شخص اولاد کی نعمت سے محروم ہو تو عروج ماہ میں نماز فجر کے بعد دو شنبہ کو دو نقش لکھ کر ایک خود پیئے۔ دوسرا اپنی بیوی کو پلائے۔ سات دن وقت معینہ پر یہی عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صاحب اولاد ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ا	ل	ر	ح	م	ن
ل	ر	ح	م	ن	ا
ر	ح	م	ن	ا	ن
ح	م	ن	ا	ل	ر
م	ن	ا	ل	ر	ح
ن	ا	ل	ر	ح	م

(۵۶) اولاد نرینہ کی پیدائش

اگر کسی شخص کے ہاں بیٹیاں پیدا ہوتی ہوں اور وہ اولاد نرینہ سے محروم رہا ہو تو حسب ذیل نقش لکھ کر گیارہ دن تک پیئے اور اپنی بیوی کو پلائے۔ یہ عمل عروج ماہ میں کرنا چاہیے۔ قمر در عقرب کا لحاظ رکھا جائے۔

۷۸۶

لععع	سععع	قععع
۵	۷	۹
قععع	سععع	لععع

(۵۷) اولاد کی زندگی کے لئے

اگر اولاد زندہ نہ رہتی ہو تو حسب ذیل نقش نوزائیدہ بچے کے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

(۵۸) اولاد کی پیدائش اور زندگی کے لئے نقش

جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو یا پیدا ہو کر مر جاتی ہو تو حسب ذیل چالیس تعویذ لکھ کر عورت کو ایک تعویذ روز پانی میں گھول کر پلائے اور سات تار کا ایک نیلا گنڈہ بنا کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے سورۂ رحمٰن پڑھے اور فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پر دم کر کے گرہ دیتا جائے۔ گنڈہ عورت کی کمر میں باندھے جب بچہ پیدا ہو جائے تو گنڈہ کمر سے کھول کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ نقش مکرم حسب ذیل ہے

۷۸۶

۸۶	م ۱۹	ل ۱۴	ک ۱۶	ق ۱۴	ق ۱۲

(۵۹) مسان کا تعویذ



سوکھا مسان وغیرہ سے بچوں کی حفاظت کے لئے بے نظیر نقش ہے۔ بچے کو ماں کے دودھ میں گھول کر پلائے۔

(۶۰) بانجھ عورت کے لئے نقش

اگر عورت بانجھ ہو تو آیہ شریفہ دو جگہ مشک و زعفران سے لکھے اور اس پر شکر ڈال کر تعویذ کی صورت بنائیں۔ ایک تعویذ مرد کے پاس رہے دوسرا عورت کے پاس خلوت سے فارغ ہو کر غسل کریں اور تعویذ کو نگل جائیں تین دن متواتر بعد طہر اس پر عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فرزند پیدا ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یَا اَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَۃٍ وَّخَلَقَ مِنْھَا زَوْجَھَا وَبَثَّ مِنْھُمَا رِجَالًا کَثِیْرًا وَّنِسَآءً وَاتَّقُوا اللّٰہَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِہٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا۝

(۶۱) اولاد کی پیدائش اور حفاظت کے لئے

اگر اولاد پیدا نہ ہوتی ہو یا پیدا ہو کر مر جاتی ہو حسب ذیل نقش لکھ کر ماں کے گلے میں ڈال دے بچہ پیدا ہونے کے بعد تعویذ ماں کے گلے میں سے اتار کر بچے کے گلے میں ڈال دے

۷۸۶

یا اللہ

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۸

یا اللہ (بائیں) — یا اللہ (دائیں)

یا اللہ

(۶۲) درد زہ کے لئے نقش

اگر کسی عورت کے درد زہ ہو اور بچہ پیدا نہ ہو تو حسب ذیل آیہ شریف لکھ کر عورت کی ناف پر باندھے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یافتاح بلا فتاح افتح بحق ام موسیٰ بر جانبت یعقوب علیہ السلام

(۶۳) بچہ کی پیدائش میں سہولت

اگر بچے کی پیدائش میں عورت کو زیادہ تکلیف ہو تو حسب ذیل نقش لکھ کر عورت کی داہنی ران پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ آسانی سے بچہ پیدا ہو جائے گا۔

۷۸۶

الٰہی بحرمت حضرات ملیخا۔ مکسلمینا۔ کشفوطط۔ تبیونس۔ قطیونس۔ کشافطیونس۔ بوانس بوس وکلبہم قطمیر و القت ما فیہا و تخلت و اذنت لربہا و حقت ۞

(۶۴) بانجھ عورت کیلئے نقش

عورت اگر بانجھ ہو یا مرد میں کچھ خرابی ہو تو شب جمعہ کو سورۂ کوثر مشک و زعفران سے لکھ کر داہنے بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نخل مراد بار آور ہو گا۔

(۶۵) اولاد کی پیدائش کیلئے عمل

جو شخص اولاد کی نعمت سے محروم ہو اس کو چاہئے کہ برسات کے موسم میں کھیعص سے ضنیبا تک زعفران سے صاف کاغذ پر لکھے اور بارش کے

پانی سے دھو کر میاں بیوی سات دن تک روزانہ پئیں۔ خدا کے حکم سے ان کی مراد پوری ہوگی۔

باب (۵)

جادو، سحر، آسیب۔

(۶۶) سورۂ فلق کا نقش

جادو کا اثر دُور کرنے کے لئے سورۂ فلق کا نقش بہت مجرب ہے جس شخص پر جادو کیا گیا ہے اسے حسب ذیل تعویذ لکھ کر دیں اور پانی میں سات دن تک گھول کر پلائیں۔

۷۸۶

۲۱۶۹	۲۱۷۲	۲۱۷۰	۲۱۹۱
۲۱۷۴	۲۱۶۳	۲۱۶۸	۲۱۷۳
۲۱۶۴	۲۱۷۷	۲۱۷۰	۲۱۶۷
۲۱۷۱	۲۱۶۶	۲۱۶۴	۲۱۷۲

جس شخص پر جادو کیا گیا ہو اس کو چاہئے کہ سو مرتبہ سورۂ فلق پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے

۶۷ آسیب کو جلانے کیلئے نقش

اگر کسی مرد یا عورت پر جن بھوت کا اثر ہو تو حسب ذیل نقش پان پر لکھکر مریض کو دکھلائے۔ دوسرا نقش کاغذ پر لکھکر فتیلہ بنائے اور روغن کنجد میں جلائے۔ مریض چراغ کو دیکھتا رہے۔ نقش معظم صفحہ ۴۸ پر درج ہے۔

۷۸۶

۴۵۹۷۱	۴۵۶۵	۴۵۵۶	۴۵۵۵۳
۴۵۵۱	۴۵۵۴	۴۵۵۶	۴۵۵۹
۴۵۵۰	۴۵۵۳	۴۵۶۲	۴۱۳۷
۴۵۶۱	۴۵۴۸	۴۵۵۷	۴۵۵۵

نام مریض ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ نام والدہ مریض ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

آسیب کو جلانے کے لئے نقش (۶۸)

اگر کسی مرد یا عورت پر جن بھوت پری کا اثر ہو تو پہلے عامل اپنے گرد حصار کرے پھر زرد مٹی لے تھوڑی زمین پر رنگ کرے اور اس جگہ پان سپاری پھول رکھے اور لوبان سلگائے۔ حسب ذیل نقش لکھکر اس طریقہ سے فتیلہ بنائے کہ کچے دھاگے میں سات مرتبہ پیچ دے۔ پھر گھی میں تر کرکے بطور چراغ جلائے اور مریض کو سامنے بٹھاکر کہے کہ وہ چراغ کو دیکھتا رہے۔ جب آسیب اس کے سر پر آجائے تو کہے۔ بحکم حضور پیران پیر دستگیر حضرت شیخ محی الدین سید عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہٗ العزیز دریں فتیلہ سوزد آسیب جل جائے گا۔ آسیب کے جل جانے کے بعد عامل یا مریض سات دن تک ہزار مرتبہ درود شریف اکیس بار قل ھو اللہ اور ایک بار الحمد روزانہ پڑھ کر حضور غوث الاعظمؒ کی روح مبارک پر ایصال ثواب کرتا رہے نقش مکرم حسب ذیل ہے

۷۸۶

یا خبیر ۲	یا حی ۹	یا احد ۴
یا کبیر ۷	یا نصیر ۵	یا لطیف ۳
یا ھادی ۶	یا جلیل ۱	یا قریب ۸

(۶۹) بھوت کو جلانے کے لئے نقش

اگر کسی عورت یا مرد پر بھوت یا چڑیل کا اثر ہو تو منگل کو حسب ذیل نقش لکھکر فتیلہ بنائے اور کڑوے تیل کے چراغ میں جلائے۔ تین دن عمل کرے آسیب جل جائے گا۔



نام مریض ...... یا مریضہ ...... نام والدہ ......

(۷۰) سورۂ ناس کا نقش

جادو اور آسیب کا اثر دور کرنے کے لئے سورۂ قل اعوذ برب الناس کا حسب ذیل نقش پاک کاغذ پر مشک زعفران سے باوضو لکھ کر بازو پر باندھے

۷۸۶

۱۳۲۳	۱۳۲۷	۱۳۲۰	۱۳۱۶
۱۳۴۹	۱۳۱۷	۱۳۲۲	۱۳۲۸
۱۳۱۸	۱۳۳۲	۱۳۲۵	۱۳۳۱
۱۳۳۰	۱۳۳۷	۱۳۱۹	۱۳۲۴

نام مریض ...... نام والدہ ......

(۷۱) سحر اور آسیب سے حفاظت کے لئے

شب جمعہ کو ہرن کی جھلی پر طس کو المبین تک مشک و زعفران سے لکھے۔ جمعہ کو نماز فجر سے اول وقت فارغ ہو کر جنگل کو جائے اور طلوع آفتاب سے پیشتر ایک ٹکڑا نرکل کا کاٹ کر گھر لائے۔ نقش کو نرکل میں رکھ کر منہ اس کا موم سے بند کرے اور نرکل کے ٹکڑے پر کپڑا چڑھا کر آسیب زدہ کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔

(۷۲) جن اور بھوت سے حفاظت کیلئے نقش

جن اور بھوت کے اثر سے محفوظ رہنے کے لئے تو چندی جمعرات کو روزہ رکھے اور افطار کرکے ہرن کی جھلی پر حسب ذیل نقش مشک و زعفران سے لکھ کر گلے میں ڈالے۔ اثر زائل ہوگا

۷۸۶

یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ

بحق

والقرآن الحکیم

(۷۳) جن کا اثر زائل کرنے کیلئے نقش

جس مرد یا عورت پر جن کا اثر ہو اس کے گلے میں حسب ذیل نقش لکھکر ڈالے۔ فائدہ ہوگا

۷۸۶

۳۹۸	۳۹۱	۳۹۶
۳۹۳	۳۹۵	۳۹۷
۳۹۴	۳۹۹	۳۹۲
نام مریض ۔۔۔	نام ۔۔۔	والدہ ۔۔۔

(۴۴) جادو اور آسیب دور کرنے کے لئے نقش

جادو اور آسیب کا اثر زائل کرنے کے لئے حسب ذیل نقش مجرب ہے
عروج ماہ میں طلوع آفتاب سے پیشتر لکھے۔ قمر در عقرب نہ ہو۔

۷۸۶

۳۹	۳۴	۳۱
۴۰	۲۸	۳۶
۲۵	۴۳	۲۸

نام مریض .... یا مریضہ .... نام والدہ ....

(۴۵) جادو سے نجات پانے کیلئے نقش

اگر کسی شخص پر جادو کیا گیا ہو تو شب جمعہ کو حسب ذیل نقش لکھکر داہنے
بازو پر باندھے۔ اور ایک نقش مشک و زعفران سے لکھے اور پانی میں گھول کر پئے۔

۷۸۶
یا
علیم
عظیم
متعال

باب (۶)

مقدمات میں کامیابی اور دشمن پر فتح پانے کے نقوش

(۷۶) سورۂ الم ترا کیف کا نقش

اگر عدالت میں کوئی مقدمہ دائر ہو اور حاکم ناراض ہو تو عروج ماہ میں شب جمعہ کو ہرن کی جھلی پر سورۂ فیل مشک و زعفران سے لکھے اور تعویذ بنا کر ٹوپی میں رکھے جب حاکم کے سامنے جائے گا تو وہ مہربان ہوگا۔

(۷۷) دشمن کی تباہی کے لئے نقش

منگل یا بدھ کو دوپہر کے وقت کاغذ پر حسب ذیل نقش لکھ کر آگ میں جلائے۔

ل س ص ۳

۳ ۵ ۳

نام دشمن . . . . نام والدہ . . . . . .

سات دن یہ عمل کرے دشمن تباہ ہو جائے گا۔

(۷۸) دشمن پر فتح پانے کے لئے نقش

اگر کسی دشمن نے ستا رکھا ہو تو اس پر فتح پانے کے لئے شب جمعہ کو سورۂ ماعون ہرن کی جھلّی پر مشک اور زعفران سے لکھے اور بازو پر باندھے۔ دشمن کو شکست ہوگی۔ اور اگر اس نے عدالت میں مقدمہ دائر کیا ہے تو وہ مظلوم کے حق میں فیصل ہوگا۔

(۷۹) دشمن کی بربادی کے لئے نقش

بد باطن دشمن کی تباہی و بربادی کے لئے سات دن تک حسب ذیل نقش لکھ کر آگ میں جلائے۔

۳	۶	۳
مجحح	لو	سجحح
۱	۵	۱

نام دشمن . . . نام والدہ . . .

(۸۰) حکام کو مہربان کرنے کے لئے نقش

حکام اور افسران کو مہربان کرنے کے لے حسب ذیل نقش لکھ کر ٹوپی میں رکھے۔

۷۸۶

۱	۷۲	۶۹	۸
۷۰	۷	۲	۷۱
۶	۶۷	۷۴	۳
۷۳	۴	۵	۶۸

(۸۱) دشمن کو مہربان کرنے کے لئے نقش

اگر دشمن نے پریشان کر رکھا ہو تو حسب ذیل نقش عروج ماہ میں پنجشنبہ کو ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران سے لکھ کر بازو میں باندھے دشمن مہربان ہو جائے گا۔ دشمنی سے باز رہے گا۔

۷۸۶

۵۳	۴۶	۵۱
۴۸	۵۰	۵۲
۴۹	۵۴	۴۷

(۸۲) دشمن پر غالب رہنے کا عمل

نوچندی جمعرات کو روزہ رکھے۔ افطار اور نماز مغرب کے بعد

سورۂ شوریٰ کے (حٰمٓ عٓسٓقٓ)

کاغذ پر مشک و زعفران سے لکھے اور گلے میں تعویذ بنا کر ڈالے۔ انشاء اللہ دشمنوں پر ہمیشہ غالب رہے گا۔

(۸۳) دشمن سے محفوظ رہنے کے لئے سورۂ فتح کا نقش

دشمنوں کے ظلم اور مکروفریب سے محفوظ رہنے کے لئے سورۂ فتح کا نقش مجرب ہے یہ نقش ہرن کی جھلی پر لکھ کر پاس رکھے اور سورۂ شریف کا ورد کرتا رہے۔ دشمن کبھی غالب نہ ہوگا۔

۷۸۶

۴۷۲۹۹	۴۷۲۱۳	۴۷۲۱۰	۴۷۲۰۶
۴۷۲۱۱	۴۷۲۰۵	۴۷۲۰۰	۴۷۲۱۲
۴۷۲۰۴	۴۷۲۰۸	۴۷۲۱۵	۴۷۲۰۱
۴۷۲۶۴	۴۷۲۰۳	۴۷۲۰۰	۴۷۲۰۹

(۸۴) دشمن کی زبان بندی کے لئے نقش

دشمنوں اور مخالفوں کی زبان بندی کے لئے حسب ذیل نقش مجرب ہے۔ ہرن کی جھلی پر لکھ کر بازو پر باندھے۔

۷۸۶

۷۰۵	۷۱۸	۷۱۵	۷۱۲
۷۱۶	۷۱۱	۷۰۶	۷۱۷
۷۱۰	۷۱۳	۷۲۰	۷۰۷
۷۱۹	۷۰۸	۷۰۹	۷۱۴

باب (۸)

(۸۵) گریختہ کی واپسی اور مال مسروقہ کی بازیابی کے نقوش

اگر کوئی لڑکا یا آدمی گھر سے ناراض ہو کر چلا گیا ہو تو اسے واپس بلانے کے لئے

حسب ذیل نقش لکھ کر درخت میں لٹکائے۔ گریختہ واپس آجائے گا۔

۷۸۶

۱۶	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۱	۲۴	۱۷	۱۴
۱۸	۲۳	۱۲	۱۳

بھاگا ہوا شخص جب واپس آجائے تو حضور رسول مقبول اور اصحاب و اہلبیت کرام کی ارواح طیبہ پر ایصال ثواب اور شیرینی پر نیاز دلائے۔

۸۶ چوری گیا ہوا مال واپس مل جائے

اگر کچھ سامان چوری ہو گیا ہو تو حسب ذیل نقش ساعت شمس میں لکھ کر بلند مقام پر لٹکائے چور گھر آکر مال واپس کر دے گا۔

۷۸۶

۲۸	۴۹	۱۸	۳۷
۱۰۹	۱۳۸	۱۸۶	۵۰
۱۴۹	۱۱۱	۴۷	۱۸۵
۴۴	۱۸۲	۱۴۰	۱۱۱

اگر یہ نقش ساعت مشتری میں ہرن کی جھلی پر لکھ کر مال میں رکھا جائے تو مال چوری سے محفوظ رہتا ہے۔

(۸۷) مفرور کی واپسی کیلئے نقش

اگر کوئی شخص لاپتہ ہو تو اس کو واپس بلانے کے لئے پاک کاغذ پر سورۂ یٰسین شریف فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ" تک اس طرح لکھے کہ ہر حرف علیحدہ علیحدہ لکھا جائے۔ کاغذ کے وسط

میں مفرور کا نام لکھے اور نام میں سوئی چبھو دے۔ پھر یہ نقش مفرور کے مکان میں ہوا کے رخ لٹکا دے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے مفرور جلد واپس آجائے گا۔

(۸۸) مسروقہ مال کی واپسی کیلئے نقش

اگر مال چوری گیا ہو تو حسب ذیل نقش لکھ کر طلوع آفتاب سے پیشتر انار کے درخت میں لٹکائے۔ چور گھبرا کر مال واپس کر دے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
اَلۡیَوۡمَ نَخۡتِمُ عَلٰۤی اَفۡوَاهِهِمۡ

باب (۸۱)

(۸۹) مراد پوری ہونے کے لئے نقش

اگر کسی نوجوان لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو تو چند ہی جمعرات کو نماز عشا کے بعد حسب ذیل ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران سے لکھکر دوشیزہ کے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی شادی جلد ہو جائے گی۔

۷۸۶

ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو س س س س س س س دھو لم
الو ھا الو ھا الو ھا بحق ایاک نعبد و ایاک نستعین۔

نام دوشیزہ ۔۔۔ نام والدہ ۔۔۔۔

(۹۰) بیروزگار کے لئے نقش

اگر کوئی شخص بے روزگار حسب ذیل نقش لکھکر بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

جلد برسر روزگار ہو جائے گا۔

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

(۹۱) سفر میں کامیابی کے لئے نقش

اگر کسی خاص مقصد تلاش معاش یا تجارت کے لئے سفر کرنا ہو تو سفر کے وقت حسب ذیل نقش لکھکر ٹوپی میں رکھے اللہ تعالیٰ کے حکم سے سفر میں آرام ملے گا اور منزل مقصود پر کامیابی حاصل ہو گی۔

۷۸۶

۱	۱۳	۱۱۴	کہ
۲	۷	۳	۱۳
۶	م	۹۳	۱۳
ع	عـہ	ع	۱۵

(۹۲) ہر مقصد کیلئے چار قل اور آیۃ الکرسی کا نقش

چاروں قل اور آیۃ الکرسی کا یہ نقش ہر مقصد کے لئے اکسیر ہے۔ اس کو بصدق دل اپنے رکھے انشاء اللہ تعالیٰ دین و دنیا کی تمام خواہشات خوش اسلوبی کے ساتھ پوری ہوں گی

(۸۷)

۱۱۸۵۰	۱۱۸۵۳	۱۱۸۵۶	۱۱۸۴۳
۱۱۸۵۵	۱۱۸۴۴	۱۱۸۴۹	۱۱۸۵۴
۱۱۸۴۵	۱۱۸۵۸	۱۱۸۵۱	۱۱۸۵۸
۱۱۸۵۲	۱۱۸۴۷	۱۱۸۴۶	۱۱۸۵۷

مشکلات میں مدد حاصل کرنے کیلئے تعویذ

اگر کوئی شخص مشکلات میں گر گیا ہو تو حسب ذیل نقش مشک و زعفران سے ہرن کی جھلی پر نماز جمعہ کے بعد لکھے اور بصورت تعویذ داہنے بازو پر باندھے۔

۶۸۷

ہ	ف	ذ	ب
ی	ظ	ر	ح
ن	ع	ض	د
و	ل	ط	ح

روزگار میں ترقی کیلئے نقش

روزگار میں ترقی کیلئے حسب ذیل نقش مجرب ہے۔

۷۸۶

۲۳	۱۲	۱۴	۱	۳
۱۶	۳۵	۱۳	۱۱	۲
۱۵	۲۰	۱۷	۸	۵
۲۲	۲۴	۲۱	۱۰	۹
۲۶	۱۸	۱۹	۷	۶

لوگوں کی نظروں میں عزت حاصل کرنے کیلئے تعویذ

عوام و خلقت کی نظروں میں عزت حاصل کرنے کیلئے پنجشنبہ کو عروج ماہ میں روزہ رکھے اور شام کو نمک اور خرما سے افطار کرے اور نماز مغرب سے فارغ ہو کر اور مصلیٰ پر بیٹھ کر (۱۱۷۷) مرتبہ یا معزُ۔ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر مشک و

زعفران سے یہ تعویذ لکھ کر ٹوپی میں رکھے اللہ تعالیٰ اس کو عزت بخشے گا اور کوئی دشمن اس کا مقابلہ نہ کر سکے گا۔

۷۸۶



اگر اس نقش معظم کو روزانہ پانچ سو بار لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کے اور دریا میں ڈالے تو ایک سو بیس (۱۲۰) دن روزانہ عمل کرنے سے نقش کی زکاۃ ادا ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد جس شخص کو یہ نقش لکھ دے بہت ہی سریع الاثر ثابت ہو گا۔

۹۶) بچوں کو نظر بد سے محفوظ رکھنے کے لئے تعویذ

دوشنبہ کو رات کے وقت حسب ذیل تعویذ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے۔ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

ص	ط	ع
۳	۴	سر
ق	حم	حم

سستی کتابیں منگوانے کا واحد مرکز
شیراز نوری بک ڈپوئی دہلی

میلاد گوھر

مصنف گوہر علیخاں صاحب گوہر رامپوری حضور اکرم نبی آخرالزماں حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ و سیرت مبارکہ پر بے مثل تصنیف ہے۔ اجر و ثواب حاصل کرنے کے لیئے ہر مسلمان کے پاس اس کتاب کا ہونا ضروری ہے ہم نے نہایت اہتمام و نفاست کے ساتھ اسے شائع کیا ہے۔ لکھائی چھپائی دیدہ زیب رنگین و خوشنما سرورق ہدیہ ایک روپیہ محصولڈاک ۱۶؍

زیور ایمان

مؤلفہ حضرت مولانا منشی محمد علیخاں صاحب لکھنوی ایمان کی پختگی ہی عورت کا اصل زیور ہے لیکن اس دور میں ایسی کتابیں ناپید ہیں جنہیں پڑھکر رسم پھر سے اور ایمان تازہ ہو جائے اسی لیے ہم طبقہ نسواں کے لیے یہ مولود شریف نہایت حسن و اہتمام کے ساتھ پیش کر رہے ہیں جس میں نسوانی زبان آسان اسلوب بیان وجد آور نظمیں اور پر کیف مناجاتیں درج کی گئی ہیں۔ کتابت طباعت اور کاغذ نہایت عمدہ سہ رنگا سرورق۔

ہدیہ ایک روپیہ محصولڈاک ۱۶؍

میلاد اکبر عہ؍ میلاد گوہر عہ؍ زیور ایمان عہ؍ مولود سعدی ۸؍ مولود سعیدی ۸؍

معراج رسول مقبول ۲؍ گلدستہ معراج ہہ؍

معراج نامہ اردو

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شب معراج کا بیان سلیس اردو زبان میں حضرت مولانا حافظ سید سجاد حسین صاحب حنفی اکبرآبادی نے پیش کیا ہے جسکو ادارہ رحمٰن برادرس نے بڑی عقیدت اور نفاست کے ساتھ شائع کیا ہے نفیس کاغذ، عمدہ طباعت و کتابت کے علاوہ سہ رنگے سرورق سے مزیّن

ہدیہ آٹھ آنے محصولڈاک چھ آنے ۱۶؍

مجموعہ فالنامہ

مع

خواب نامہ، تعبیر نامہ، نصیحت نامہ

یہ مجموعہ فالنامہ اپنی شان کا ایک عجیب فالنامہ ہے جس میں فالنامہ کے ساتھ ساتھ خواب نامہ بھی شامل ہے اسکی تعبیرات بھی درج ہیں اور مجالس نصیحتیں درج ہیں جن پر عمل کرنے سے دنیا میں چین اور آخرت کے لئے ذریعہ نجات حاصل ہو سکتا ہے۔

ہدیہ پانچ آنے

فالنامہ

مع

تعبیر نامہ خواب نامہ حضرت امام جعفر صادق رحمۃ

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی ذات گرامی محتاج تعارف نہیں۔ آپکا اسم گرامی اس فالنامہ اور تعبیر نامہ کی کافی ضمانت ہے۔ ہدیہ تین آنے

فالنامہ قرآن شریف

حضرت مولانا میران بخش صاحب قادری فاضلی کی تالیف ہے اور ہر فال کا جواب قرآن کریم کی آیات مقدسہ سے لیا گیا ہے جس میں انسانی عقل کا ذرہ برابر بھی دخل نہیں۔ ہر فال کے جواب میں آیات مقدسہ کا سلیس اردو ترجمہ درج ہے

فالنامہ یوسفی کلاں

انسانی زندگی کا رنج و الم اور مصیبت کے ساتھ چولی دامن کا ساتھ ہوتا ہے۔ لیکن انسان کے اشرف المخلوقات ہونے کا تقاضا یہ ہے کہ وہ ان کا خندہ پیشانی سے نہ صرف مقابلہ کرے بلکہ ان کو خوشی و مسرت میں بدلنے کی کوشش کرے

ہمارا یہ فالنامہ

زندگی کے اہم مواقع پر مشعل راہ کا کام دیتا ہے۔ ہمت ہارنے اور جی چھوڑنے کے بجائے اس فالنامہ کے ذریعہ ڈٹ کر مصائب کا مقابلہ کیجئے اور اپنی زندگی کو خوشیوں سے ہمکنار کیجئے۔ ہدیہ بارہ آنے

محصول

ڈاک

چھ آنے

★

ملنے کا پتہ:- **شیراز نوری بک ڈپو نئی دہلی**

غور فرمایئے! کس کتاب کی آپ کو ضرورت ہے

عملیات اور وظائف کی کتابیں

- وظائفِ اولیاء — ۱؍۲۵
- عملیاتِ ربانی — ۷۵ پیسے
- عملیاتِ اولیاء — ۱؍
- طب روحانی — ۶؍۲۵
- مجموعہ اوراد المعروف خزانہ
- آیات نور — ۷۵ پیسے
- تسخیر القلوب — ۱؍
- اوراد فتحیہ مترجم — ۵۰ پیسے
- وظائفِ پنجگانہ — ۳۷
- مجموعہ وظائف یعنی گنجینۂ اکبری — ۳۷

نقوش کی مستند کتابیں

- نقوش قرآنی — ۷۵ پیسے
- نقش معظم — ۶۲
- نقش سلیمانی — ۶۲
- نقوش رحمانی — ۶۲
- نقوش روحانی — ۶۲

وفات نامے

- وفات نامۂ رسول مقبول صلعم — ۳۷ پیسے
- وفات نامہ خاتون جنت — ۳۱
- رحلت بتول — ۳۱
- مجموعہ قصۂ آہ و قیامت نامہ / رحلت — ۱۳

جنگ نامے

- جنگ نامہ حضرت علی کرم — ۷۵ پیسے
- جنگ نامہ محمد حنیف — ۷۵
- جنگ نامہ حضرت قاسم اردو — ۱۳
- جنگ نامہ حضرت قاسم پنجابی — ۱۳
- جنگ زیتون اردو — ۶۲
- جنگ زیتون پنجابی — ۷۵
- ذکر شہادتین — ۱؍۲۵
- مجموعہ شہادت نامہ — ۵۰
- شہادت نامہ — ۱۳
- جنگ امام حسین پنجابی — ۵۰
- جنگ محمد حنیف پنجابی — ۵۰
- قصہ جابر پنجابی — ۵۰
- شاہ نامہ کربلا پنجابی — ۶؍
- زاد الآخرت یعنی مجلس — ۶؍۵۰

میلاد شریف کی مستند کتابیں

- میلاد گوہر مع گلاب کا پھول — ۱؍
- زیور ایمان مع رحمت الرحیم — ۱؍
- میلاد سعدی — ۵۰ پیسے
- میلاد سعیدی — ۵۰

فالنامے اور خواب نامے

- فالنامہ قرآنی — ۷۵ پیسے
- فالنامہ یوسفی کلاں — ۷۵
- خواب نامہ تعبیر نامہ غوثیہ — ۷۵

(فالنامے)

- مجموعہ فالنامہ مع خواب نامہ مع تعبیر نامہ نصیحت نامہ — ۳۱ پیسے
- فالنامہ قرآن شریف — ۱۹
- فالنامہ حضرت امام جعفر صادق — ۱۹

نور نامے

- نور نامہ سندھی — ۵۰؍
- نور نامہ رسول مقبول اردو کامل — ۶۲
- نور نامہ رسول مقبول کاٹھیاواری — ۶۲
- نور نامہ کلاں مع قصائد نعتیہ — ۳۷
- نور نامہ قادری — ۳۷
- نور نامہ کلاں — ۱۳
- نور نامہ نوری نامہ پنجابی — ۱۳
- نور نامہ کلاں مع شمائل نامہ، کلمہ نامہ، عہد نامہ — ۱۳

ایمان کو تازگی روح کو فرحت بخشنے والی کتابیں

- گلزار رفیق مع قصائد و کلی نامہ — ۳۷
- قیامت نامہ مع بہشت نامہ — ۳۷
- عقیدت کے پھول منظوم — ۳۱
- مجموعہ سلام بحضور سرور عالم — ۳۱
- معجزاتِ رسول مقبول — ۳۱
- کراماتِ حضرت علی کرم — ۳۱
- مناجات مقبول بجناب باری تعالیٰ — ۳۱
- کراماتِ غوث پاک — ۳۱

(متفرق)

- کرامات خواجہ — ۵۰؍
- نعت فخر محمد گلشن [illegible] — ۶۲
- قصہ شاہ بہرام پنجابی — ۶۲
- قصہ [illegible] پنجابی — ۳۷
- گنج محمد بوٹا پنجابی — ۱؍۲۵
- کشف الخلاصہ — ۷۵ پیسے
- خطب [illegible] پنجابی — ۱؍
- خطب علمی اردو — ۶؍۲۵
- مثنوی [illegible] — ۷۵ پیسے
- قصہ بی بی مریم منظوم — ۱؍۵۰
- شان محمد — ۳۷
- دربار مدینہ — ۳۷
- دنیا سے جب چلوں گا — ۳۷
- [illegible] — ۱۳
- طیبہ [illegible] اسلام [illegible] — ۱۳
- مجھے شکوہ [illegible] — ۱۳
- باغ اسلام — ۷۵ پیسے
- [illegible] — ۶۲
- [illegible] — ۶۲
- [illegible] — ۶۲
- اٹھے اٹھے [illegible] — ۶۲

شیراز نوری بک ڈپو نئی دہلی